RESOLUTION NO.115

"26 نومبر 2011' بروز ہفتہ مہمند ایجنسی میں پاک افغان سرحد کے قریب سلالہ چیک پوسٹ پر نیٹو ہیلی کاپٹروں کے حملے میں پاک فوج کے 24 افسروں اور جوانوں کی شہادت ایسا المیہ ہے جس پر پوری قوم دکھی ہے اس سانحہ میں 15 کے قریب فوجی جوان زخمی بھی ہوئے۔ سینیٹ آف پاکستان اس جارحانہ اقدام پر اس کی پُرزور مزمت کرتی ہے۔ نیٹو فورسسز کی یہ کاروائی ملکی خود مختاری اور سلامتی پر حملہ ہے۔ نیٹو فورسسز کی وحشیانہ بمباری کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ امریکی اور نیٹو فورسسز کی جانب سے پاکستان کی چیک پوسٹوں پر یہ پہلا فضائی حملہ نہیں بلکہ اس سے قبل بھی متعدد بار پاکستان کی چیک پوسٹوں کو ٹارگٹ کر کے فضائی حملے کیے جاچکے ہیں اس لیے امریکی اور نیٹو حکام کا یہ عذر کسی صورت قابل قبول نہیں ہو سکتا کہ مہمند ایجنسی میں کسی غلط فہمی کے نتیجہ میں حملہ ہوا۔ امریکہ اور نیٹو فورسسز کے حملے نا قابل قبول ہیں نیٹو کے ہیلی کاپٹروں نے مکمل طور پر بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑائیں اور اقوام متحدہ کے مینڈیٹ کو پامال کیا اور پاکستان کی خود مختاری کی صریحاً خلاف ورزی کی۔

یہ ایوان متفقہ طور پر نیٹو فورسسز کے حملے کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اور ہر ممکن ذریعہ سے مزاحمت کا مطالبہ کرتا ہے۔ نیز یہ ایوان حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ پارلیمنٹ کی 22 اکتوبر 2008 اور 13 مئی 2011 کی متفقہ قراردادوں پر فی الفور عملدرآمد کیا جائے ۔"

Moved by Senator Molana Abdul Ghafoor Haideri, Unanimously Passed by the House on 2nd December, 2011